# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION PESHAWAR

## GRADE – V  MODEL PAPER 2017

## اُردو

| Roll No. | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

Student Name:________________________________
(In Capital)

Center No. ________________________________

Center Name: ________________________________

Superintendent Name/ Stamp: __________________

**ہدایات:**

1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیے گئے طریقے سے مکمل سیاہ کرنا ہے۔

2۔ دائروں کو شیڈ بھرنے کے لیے کالے یا نیلے رنگ کا پین استعمال کریں۔

3۔ جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

مقررہ وقت: ۴۵     حصہ — الف     کل نمبر: ۳۰

Result.pk

1. امجد آتا ہے۔زمانے کے لحاظ سے یہ جملہ ہے:
   - A. فعل حال
   - B. فعل ماضی
   - C. فعل مستقبل
   - D. فعل ماضی قریب

2. ”ناصر کھانا کھاتا ہے“ اس فقرے میں فاعل کی نشاندہی کریں۔
   - A. ناصر
   - B. کھانا
   - C. کھاتا
   - D. ہے

3. ضرب المثل مکمل کریں۔ ”لالچ بُری........... ہے۔“
   - A. چیز
   - B. بات
   - C. بلا
   - D. جڑ

4. وہ حروف جو کسی اسم کو پکارنے کے لیے استعمال ہوں، کہلاتے ہیں:
   - A. حروف استفہام
   - B. حروف تاسف
   - C. حروف ندا
   - D. حروف تحسین

5. ”عقیل آیا ہے۔“ اس فقرے کا فعلِ مستقبل ہوگا۔
   - A. عقیل آیا تھا
   - B. عقیل آرہا ہے
   - C. عقیل آئے گا
   - D. عقیل آیا ہے

6. ضرب المثل مکمل کریں۔ چھوٹا منہ............بات۔
   - A. سچی
   - B. جھوٹی
   - C. بڑی
   - D. چھوٹی

7. "پرندے ہوا میں اڑتے ہیں" اس جملے میں فعل کی نشاندہی کریں۔
A. ہوا
B. پرندے
C. ہیں
D. اڑتے

8. "نڈر" کا متضاد ہے:
A. بہادر
B. بزدل
C. چالاک
D. سست

9. قواعد کے لحاظ سے درست جملہ ہے:
A. طلبا شور مچا رہی تھی
B. طلبا شور مچا رہا تھا
C. طلبا شور مچا رہے تھے
D. طلبا شور مچا رہی تھیں

10. "جیسا کروگے ویسا بھروگے" اس جملے میں "جیسا" ہے:
A. اسم ضمیر
B. اسم نکرہ
C. اسم موصول
D. اسم اشارہ

11. شاعر "اسداللہ خان غالب" میں لفظ "غالب" ہے۔:
A. کنیت
B. تخلص
C. عرف
D. خطاب

12. کنیت کی درست فہرست ہے:
A. اُم ایمن۔ابو بکر۔ابوالقاسم
B. غالب۔ابو بکر۔ابوالقاسم
C. ابو بکر۔اُم ایمن۔نشان حیدر
D. اُم ایمن۔ابوالقاسم۔مادرِ ملت

13. "کامران" کے گھر والے کامران کو پیار سے "کامی" کہتے ہیں:
اس فقرے میں لفظ "کامی" ہے
A. عرف
B. تخلص
C. لقب
D. کنیت

14. بناوٹ کے لحاظ سے درست جملے کی نشاندہی کریں۔
Result.pk
A. نورین نے گانا گایا۔
B. نورین نے گانے گایا۔
C. نورین نے گانا گائیں۔
D. نورین نے گانا گائی۔

15. ہائے ہائے! یہ تو میری بلی مر گئی۔ حروف "ہائے ہائے" ہیں:
A. حروف ندا
B. حروف تاسف
C. حروف تحسین
D. حروف استفہامیہ

پیرا گراف پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(خبر)

(نمائندہ چارسدہ) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چارسدہ میں تقریب انعامات منعقد ہوئی۔اس تقریب کی مہمان خصوصی محترمہ شازیہ بیگم کونسلر تھیں۔انہوں نے اول،دوم اور سوم طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔اس تقریب میں والدین نے بھی بھرپور شرکت کی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| .16 | درج بالا خبر کی شہ سرخی ہے:<br>A. پرائیویٹ سکول میں تقریب تقسیم انعامات<br>B. چارسدہ میں تقریب تقسیم انعامات<br>C. مہمان خصوصی محترمہ شازیہ بیگم<br>D. اول آنے والی طالبات میں انعامات تقسیم | 17<br>. | یہ تقریب منعقد ہوئی:<br>A. لڑکوں کے سکول میں<br>B. لڑکیوں کے سکول میں<br>C. شازیہ بیگم کے گھر میں<br>D. اخباری نمائندے کے گھر میں |
| .18 | اس تقریب میں شازیہ بیگم تھیں:<br>A. ہیڈ مسٹریس<br>B. استانی<br>C. کونسلر<br>D. نمائندہ اخبار | 19<br>. | یہ تقریب کس سلسلے میں تھی؟<br>A. یوم آزادی کے<br>B. یومِ دفاع<br>C. تقریری مقابلوں کے<br>D. سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے |
| .20 | اس تقریب میں طالبات اور مہمانِ خصوصی کے علاوہ اور کون شریک تھے؟<br>A. وزیر تعلیم<br>B. والدین<br>C. سیاسی رہنما<br>D. فنکار | 21<br>. | درج بالا خبر کا تعلق کس شہر سے ہے؟<br>A. سوات<br>B. پشاور<br>C. چارسدہ<br>D. ایبٹ آباد |

Result.pk

پیرا گراف پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

دریائے سوات پاکستان کے صوبے خیبر پختونخواہ کا ایک دریا ہے۔یہ کوہ ہندوکش سے وادی کالام اور ضلع سوات کی طرف بہتا ہے اور ضلع لوئر زیریں اور ضلع مالاکنڈ سے ہوتا ہوا وادی پشاور میں چارسدہ کے مقام پر دریائے کابل میں جا گرتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| .22 | دریائے سوات پاکستان کے کس صوبے میں واقع ہے؟<br>A. صوبہ سندھ<br>B. صوبہ پنجاب<br>C. صوبہ خیبر پختونخواہ<br>D. صوبہ بلوچستان | 23<br>. | دریائے سوات کس مقام سے نکلتا ہے؟<br>A. پشاور<br>B. کابل<br>C. مالاکنڈ<br>D. ہندوکش |

.24 دریائے سوات کس مقام پر دریائے کابل میں جا گرتا ہے؟

A. کالام

B. سوات

C. مالاکنڈ

D. چارسدہ

25. درج بالا عبارت میں کتنے دریاؤں کا ذکر ہوا ہے؟

A. 1

B. 2

C. 3

D. 4

.26 لفظ 'مقام' کا مترادف ہے:

A. پُل

B. جگہ

C. گہرائی

D. اختتام

27. درج بالا عبارت کا مناسب عنوان ہے:

A. کوہِ ہندوکش

B. صوبہ خیبر پختونخواہ

C. دریائے سوات

D. دریائے کابل

درج ذیل نظم پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

میرا بچپن میرے بچپن کی یادیں
دادی کی لوریاں اور سردی کی راتیں
ہو جاتا ہوں جب میں اک دم اکیلا
تو تب یاد آتا ہے بچپن کا میلہ
وہ میلے میں کھیل اور تماشے اور جھولے
وہ جھولے میں چڑھ کر بادل کو چھو لے

Result.pk

.28 درج بالا نظم میں شاعر عمر کے کس حصے کا ذکر کر رہا ہے؟

A. بڑھاپا

B. جوانی

C. لڑکپن

D. بچپن

29. شاعر جب اکیلا ہوتا ہے تو اسے کیا یاد آتا ہے؟

A. بچپن کی لوریاں

B. سردی کی راتیں

C. بچپن کا میلہ

D. بادل

.30 درج ذیل میں کون سا ہم آواز الفاظ کا جوڑا ہے؟

A. میلے، کھیل

B. یادیں، لوریاں

C. اکیلا، میلا

D. جھولے، تماشے

## BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION PESHAWAR

**GRADE – V MODEL PAPER 2017**

**اُردو**

| Roll No. | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

Student Name:________________________________________
(In Capital)

Center No. ______________________________________

Center Name: ____________________________________

Superintendent Name/ Stamp: ____________________

**ہدایات:**

1۔ ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔
2۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔
3۔ سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

---

مقررہ وقت: ۷۵ | حصہ — ب | کل نمبر: ۴۵

---

سوال نمبر 1: پیرا گراف پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 6

تہوار ایک عوامی میلہ ہوتا ہے۔ یہ لوگوں میں اتحاد اور بھائی چارے کی فضا پیدا کرتا ہے۔ تہوار خوشی اور مسرت کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ تہواروں کی دو قسمیں ہیں۔ ایک مذہبی اور دوسرا قومی۔ مسلمانوں کے دو بڑے مذہبی تہوار ہوتے ہیں۔ ایک عیدالفطر اور دوسرا عیدالاضحیٰ۔ عیدالفطر ماہ رمضان میں روزے رکھنے کے بعد شوال کی پہلی تاریخ کو منائی جاتی ہے جبکہ عیدالاضحیٰ دس ذی الحج کو منائی جاتی ہے۔ عیدالاضحیٰ میں مسلمان حضرت ابراہیمؑ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے جانوروں کی قربانی کرتے ہیں اور قربانی کا گوشت اپنے رشتہ داروں اور غریبوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ اسی طرح قومی تہوار بھی منائے جاتے ہیں۔ ہمارے ملک کے قومی تہواروں میں یوم پاکستان ۲۳ مارچ کو جبکہ یوم آزادی ۱۴ اگست کو منایا جاتا ہے۔

Result.pk

i) عیدالفطر کب منائی جاتی ہے؟ 2

__________________________________________________________

ii) تہوار منانے سے لوگوں میں کونسا جذبہ پیدا ہوتا ہے؟ 2

__________________________________________________________

iii) کسی بھی دو قومی تہواروں کے نام تحریر کریں۔ 2

__________________________________________________________

سوال نمبر2:

i) درج ذیل اشعار کا مرکزی خیال لکھیں۔ 4

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں 3

ii) لفظ 'زمانے' کا ایک ہم آواز لفظ لکھیں۔ 1

________________________________________
________________________________________
________________________________________
________________________________________

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ 6

زندگی ________________________________________
دلیری ________________________________________
اُجرت ________________________________________

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل الفاظ کے مذکر کو مؤنث اور مؤنث کو مذکر میں تبدیل کریں۔ 4

i. اونٹ ii. عورت iii. مرغا iv. پڑوسی

Result.pk

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

سوال نمبر5: اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر یا ہیڈ مسٹریس کے نام بیماری کی درخواست تحریر کریں۔ 10

________________________________________
________________________________________
________________________________________
________________________________________
________________________________________
________________________________________
________________________________________

سوال نمبر6: الف۔ عنوان ''وقت ایک نعمت ہے'' پر 70 سے 100 الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ 15

یا

ب۔ ''انگور کھٹے ہیں'' کے عنوان پر 70 سے 100 الفاظ پر مشتمل کہانی تحریر کریں۔

Result.pk